ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (342)

مورخہ 22.06.24

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ کوتوالی، کینٹ، صدر بہاولپور، صدر احمد پور شرقیہ، اوچشریف اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 06 ملزمان سراج احمد، عمانوائل مسیح، ظہور احمد، عباس، آکاش اور شہزاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 341 لیٹر دیسی شراب اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ اسی طرح تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم صابر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 150 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ صدر بہاولپور، چنی گوٹھ اور تھانہ قائم پور پولیس نے 03 ملزمان اکبر، عابد حسین اور اسلم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 03 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد